# 8037-خاونداپنی بیوی کی توہین کرتا ہے

## سوال

میں تقریبا پچیس برس سے شادی شدہ ہوں اورمیرے کئ بیٹے بیٹیاں بھی ہیں ،مجھے اپنے خاوند کی طرف سے کئ ایک مشکلات کا سامنا رہتا ہے ، وہ میری اولاد، ہر قریب اوردور کے رشتہ دار کے سامنے میری ہمیشہ اوربغیر کسی سبب کے بہت ہی زیادہ توہین کرتا ہے اوربالکل میری قدر نہیں کرتا مجھے صرف اس وقت سکون ملتا ہے جب وہ گھر سے باہر جاتا ہے ۔

آپ کو علم ہونا چاہے کہ میرا خاوند نمازی ہے اوراللہ تعالی کا خوف بھی اس کے دل میں ہے ، میری گزارش ہے کہ کوئ اچھا سا طریقہ بتائيں اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ

آپ پر ضروری ہے کہ صبر و تحمل سے کام لیتے ہوئے
اپنے خاوند کو احسن اوربہتر انداز سے نصیحت کرتی رہیں ، اوراسے اللہ تعالی اورآخرت کی
یاد دلاتی رہیں ہوسکتا ہے وہ اسے قبول کرے اورحق کی طرف رجوع کرتا ہوا برے اخلاق
کو ترک کردے ۔

اگراس کے باوجود بھی اپنے فعل پر قائم رہتا ہے توپھر اس کا وبال بھی اسی پر ہے
، اورآپ کواس کی اذیت پر صبر و تحمل کرنے کا اجرو ثواب ملے گا ، نیز آپ کے لیے یہ
بھی مشروع ہے کہ نماز اوردوسرے اوقات میں اس کی ھدایت کی لیے دعا کریں کہ اللہ
تعالی اسے سیدھے راہ پر لے آئے اوراسے اخلاق حسنہ وفاضلہ اپنانے کی توفیق عطا فرمائے
، اورآپ کواس اوردوسروں کے شر سے محفوظ رکھے ۔

آپ پر یہ بھی ضروری ہے کہ آپ اپنا محاسبہ کریں اوراپنے دین میں استقامت اختیار کرتے
ہوئے اللہ تعالی اورخاوند یا کسی اور کے حق میں جوکچھ غلطیاں اورکوتاہیاں سرزد ہوئ
ہیں ان سے توبہ کریں ، ہوسکتا ہے آپ پر یہ سب کچھ اس معصیت وگناہ کی وجہ سے مسلط
کردیا گیا ہو جو آپ سے سرزد ہوئ ہیں ، اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

**{تمہیں جو کچھ مصیبت پہنچتی ہیں وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کے کرتوت کا بدلہ ہے ،**
**اوروہ توبہت سی باتوں سے درگزر فرما دیتا ہے }**الشوری (30) ۔

اس میں بھی کوئی مانع نہیں کہ آپ اپنے سسر اور ساس یا پھر خاوند کے بڑے بھائیوں اور جنہیں وہ قدر کی نظر سے دیکھتا ہے سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ آپ کے خاوند کو نصیحت کریں اور اسے سمجھائیں کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ حسن معاشرت سے پیش آئے تاکہ وہ اللہ تعالی کے مندرجہ ذیل فرمان پر عمل کرسکے :

فرمان باری تعالی ہے :

**.{اوران عورتوں سے اچھے اوراحسن اندازسے بودوباش اختیارکرو}**.النساء (19) ۔

اورایک دوسرے مقام پر اللہ تعالی نے کچھ اس طرح فرمایا ہے :

**.{اوران عورتوں کے بھی ویسے ہی حق ہیں جیسے ان مردوں کے ہیں اچھائی کے ساتھ ، ہاں مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے}**.البقرۃ (228) ۔

اللہ تعالی آپ دونوں کے حالات کی اصلاح فرمائے ، اورآپ کے خاوند کوھدایت نصیب فرماکر صحیح راستے اور خیر وبھلائی کی طرف لائے ، یقینا اللہ تعالی بڑی سخاوت وکرم والا ہے ۔ .